# NYC محکمہ صحت کی مخصوص خلاف ورزیوں کے مدنظر دیوانی ہرجانے سے بچنا: ریستورانوں کے لیے اس حوالے سے ایک رہنما کہ مخصوص خلاف ورزیوں کی "تدبیر" کیسے کی جائے

براہ کرم نوٹ کریں کہ اس دستاویز کے ترجمہ شدہ ورژن آپ کے حوالے کے لیے آن لائن دستیاب ہیں۔ خلاف ورزیوں کی تدبیر کرنے کے لیے، براہ کرم فارموں کو انگریزی میں پُر کریں۔

نیو یارک سٹی محکمۂ صحت اور حفظان ذہنی صحت (NYC محکمہ صحت) کی جانب سے کاروباروں کو جاری شدہ پہلی بار کی مخصوص خلاف ورزیوں کی "تدبیر" ہو سکتی ہے۔ خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کے لیے، کاروبار پر جس صورتحال کے لیے انہیں پروانہ طلبی موصول ہوا اس کی اصلاح کرنا اور NYC محکمہ صحت کے پاس ثبوت جمع کرانا ضروری ہے۔ اگر NYC محکمہ صحت یہ فیصلہ کرتا ہے کہ کاروبار نے صورتحال کی اصلاح کر لی ہے تو، کوئی دیوانی ہرجانہ (مالی جرمانہ) اس کاروبار کے خلاف نہیں لگے گا۔

**کن خلاف ورزیوں کی تدبیر ہو سکتی ہے؟**
اس دستاویز میں موجود چارٹ میں درج خلاف ورزیوں کی تدبیر ہو سکتی ہے۔

**پہلی بار کی خلاف ورزی کیا ہے؟**
پہلی بار کی خلاف ورزی وہ خلاف ورزی ہوتی ہے:

- جس کا حوالہ 6 مارچ 2023 کو یا اس کے بعد دیا گیا ہو
- جو NYC آفس آف ایڈمنسٹریٹو ٹرائلز اینڈ ہیئرنگز (NYC Office of Administrative Trials and Hearings, OATH) میں زیر التوا ہو یا اسے موقوف رکھا گیا ہو یا اسے ڈیفالٹ قرار دیا گیا ہو

**خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کے لیے مجھے کیا چیز جمع کرانے کی ضرورت ہے؟**
اثبات فارم مکمل کریں اور اپنی پہلی خلاف ورزی کی تدبیر کرنے کا ثبوت معائنہ کی تاریخ سے (جو آپ کے پروانہ طلبی پر تحریر ہے) زیادہ سے زیادہ **سات تقویمی دنوں** میں جمع کرائیں۔ اگرآپ کی خلاف ورزی جائے کار میں دھوئیں سے پاک ہوا سے متعلق ایکٹ کی پالیسی نمایاں طور پر پوسٹ کرنے میں ناکامی کے مدنظر تھی تو، تدبیر کرنے کا آپ کا ثبوت معائنہ کے بعد **30 تقویمی دنوں** کے اندر ہونا ضروری ہے۔

**میں اپنا اثبات فارم کہاں جمع کراؤں؟**
آپ اپنا **اثبات فارم** ای میل کر سکتے ہیں یا اسے بذات خود جمع کرا سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لیےاس دستاویز کے درج ذیل سیکشن دیکھیں۔

**مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ آیا NYC محکمہ صحت نے میرا ثبوت قبول کر لیا اور کوئی ہرجانہ نہیں لگے گا؟**
اگر آپ کی عرضی قبول ہو گئی تھی اور خلاف ورزی کی تدبیر ہو گئی تھی تو NYC محکمہ صحت آپ کو مطلع کرے گا۔ NYC محکمہ صحت خلاف ورزی کی تدبیر ہو جانے پر اور کوئی ہرجانہ نہیں لگنے پر OATH کو بھی مطلع کرے گآ۔

اگر NYC محکمہ صحت آپ کا ثبوت مسترد کر دیتا ہے تو، آپ OATH کے پاس اپیل کر سکتے ہیں۔

**کیا خلاف ورزی کی تدبیر کرنے سے ریستورانوں کے لیے معائنہ کا اسکور یا حرفی گریڈ تبدیل ہو جائے گا؟**
نہیں تدبیر کرنے سے معائنہ کا اسکور یا حرفی گریڈ تبدیل نہیں ہوگا۔ تدبیر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ خلاف ورزی کا اعتراف اور اسے قبول کرتے ہیں۔ خلاف ورزی کو NYC محکمہ صحت کی طرف سے تدبیر شدہ کے بطور قبول کر لیے جانے پر، آپ خلاف ورزی کو OATH کی معرفت مزید چیلنج نہیں کر سکتے۔

**اگر خلاف ورزی آپ کے ریکارڈ میں رہتی ہے تو اس کی تدبیر کرنے کا کیا فائدہ ہے؟**
آپ کو پہلی بار کی خلاف ورزی کے لیے جرمانہ ادا نہیں کرنا ہوگا۔

**ریستورانوں کے لیے کون سی خلاف ورزیاں قابل تدبیر ہیں؟**
ذیل کا جدول دکھاتا ہے کہ ریستورانوں کے لیے کون سی خلاف ورزیاں قابل تدبیر ہیں:

| **خلاف ورزی کا کوڈ** | **قانون کا التزام جس کی خلاف ورزی ہوئی** | **وضاحت** |
|---|---|---|
| 03E | NYCHC 81.20(a) | پینے کے قابل پانی فراہم نہیں کرایا گیا یا ناموزوں ہے |
| 03E | NYCHC 81.20(a) | پینے کے قابل اور پینے کے ناقابل پانی کے بیچ باہمی ربط کا مشاہدہ کیا گیا |
| 04F | NYCHC 81.20(b) | کھانے کی تیاری اور کھانے کا اسٹوریج، یا دیگر ایریا جو سیویج یا سیال کچرے سے آلودہ ہے |
| 05A | NYCHC 81.20(b) | سیویج کے ضیاع کا نظام فراہم نہیں کیا گیا ہے، ناموزوں یا غیر منظور شدہ ہے |
| 08B | NYCHC 81.24(a) | کوڑے کرکٹ کے خالی ڈبے حشرات یا آب روک نہیں ہیں؛ مضبوطی سے فٹ ہونے والے ڈھکن سے ڈھکے ہوئے نہیں ہیں |
| 08B | NYCHC 81.24(c) | کوڑے کرکٹ کے خالی ڈبے اور کورز کو خالی کرنے کے بعد اور دوبارہ استعمال کرنے سے پہلے صاف نہیں کیا گیا ہے |
| 09C | NYCHC 81.17(d)(1) | کھانے کے رابطے کی سطح غیر مناسب طور پر بنائی اور باقی رکھی گئی ہے؛ آسانی سے صاف ہونے کے قابل نہیں ہے |
| 10B | NYCHC 81.20(b) | سیویج یا رقیق سیال کا غیر مناسب ضیاع |
| 10B | NYCHC 81.20(a) | پینے کے قابل پانی کو بیک فلو، بیک سیفونیج یا باہمی ربط سے محفوظ نہیں ہے |
| 10C | NYCHC 81.19(a) | روشنی ناکافی؛ نامعقول ہے |
| 10F | NYCHC 81.17(e)(1) | فلورنگ: ناقابل قبول مٹیریل استعمال کیا گیا، باقی نہیں رکھا گیا یا صاف نہیں ہے |
| 10F | NYCHC 81.17(e)(2) | غیر غذائی رابطہ کی سطحیں (دیوار، چھت): ناقابل قبول مٹیریل استعمال کیے گئے، باقی نہیں رکھے گئے یا صاف نہیں ہیں |
| 10F | NYCHC 81.17(e)(3) | غیر غذائی رابطہ کی سطح (ایکوپمنٹ، فکسچرز، آرائشی اشیاء، پنکھے، وغیرہ) صارف نہیں ہیں یا رو بہ عمل حالت میں نہیں ہیں |
| 15-37 | انتظامی کوڈ 17-504(f) | جائے کار کی SFAA کی پالیسی جائے کار میں نمایاں طور پر پوسٹ نہیں کی گئی ہے |
| 16-02 | NYCHC 81.08(c) | تغذیاتی حقیقت کا لیبل اور/یا اجزا کا لیبل سائٹ پر نہیں رکھا گیا ہے |
| 16-11 | انتظامی کوڈ 17-199.11(b) | ممنوعہ مشروب بچوں کے کھانے کے مینو پر مندرج ہے |
| 20-04 | انتظامی کوڈ 17-173(2)(b) | حمل کے دوران الکحل کے استعمال کا نشان پوسٹ نہیں کیا گیا |
| 20-08 | انتظامی کوڈ 17-1507(a) | صحت بخش کھانے کی معلومات پوسٹ کرنے یا واضح طور پر پوسٹ کرنے میں ناکامی |

**ریستورانوں کو اپنا اثبات فارم کس طرح جمع کرانا چاہیے؟**
آپ اپنا **اثبات فارم** ای میل کر سکتے ہیں یا اسے بذات خود جمع کرا سکتے ہیں۔ اپنا اثبات فارم اور کوئی فوٹو یا دستاویزات جمع کرانے کے لیے:

- بذریعہ ای میل، انہیں **infobfscs@health.nyc.gov** پر بھیجیں۔ موضوع کی سطر میں "تدبیر کا ثبوت – پروانہ طلبی [ڈاکیٹ نمبر]" (Proof of Cure – Summons / [Docket number]) لکھیں
- بذات خود، انہیں لے کر NYC محکمہ صحت میں 125 Worth St., Room 1020, New York, NY 10013 کے پتے پر آئیں۔

NYC محکمہ صحت کے پاس غلط بیانات جمع کرانے کا نتیجہ NYC ضابطہ صحت کی خلاف ورزیوں اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے مدنظر ہرجانوں کی صورت میں برآمد ہو سکتا ہے۔ خلاف ورزی کے ضابطوں کو سمجھنے یا مناسب فارموں کو پُر کرنے میں مدد کے لیے ترجمانی یا ترجمہ میں اعانت کے لیے، براہ کرم 212-676-1600 پر کال کریں۔